Prime Minister’s meeting with Prime Minister of Norway

May 04, 2022

وزیراعظم کی ناروے کے وزیراعظم سے ملاقات

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے دوسری انڈیا نارڈک سربراہ کانفرنس کے دوران کوپن ہیگن میں ناروے کے وزیراعظم عزت مآب جوناس گہر اسٹور کے ساتھ ملاقات کی۔ اکتوبر 2021 میں وزیراعظم اسٹور کے عہدہ سنبھالنے کے بعد دونوں لیڈروں کے درمیان یہ پہلی میٹنگ تھی۔

دونوں وزرائے اعظم نے دوطرفہ تعلقات کے سلسلے میں چلنے والی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اور مستقبل میں تعاون کے شعبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ ناروے کی ہنرمندی اور ہندوستان کے امکانات فطری طور پر ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں۔ دونوں لیڈروں نےسمندر معیشت، قابل تجدید توانائی، گرین ہائیڈروجن، شمسی اور بادی پروجیکٹوں، گرین شپنگ، ماہی گیری، واٹر منیجمنٹ، بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی، خلائی تعاون، طویل مدتی انفراسٹرکچر سرمایہ کاری، صحت اور ثقافت جیسے شعبوں میں تعلقات کو گہرا کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔

علاقائی اور عالمی واقعات پر بھی بات چیت ہوئی۔ اقوامتحدہ کی سلامتی کونسل کے ارکان کے طور پر، ہندوستان اور ناروے باہمی مفاد کے عالمی معاملات میں اقوام متحدہ میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے رہے ہیں۔

కోపెన్ హాగన్

మే 04, 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.